**25.02.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ماجد علی

**Music**

-----------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اسرائیل کے اُن کے دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان کلیدی شراکتداری اور گہرے رشتوں کی خاطر نئے مقاصد کا تعین ہوگا۔

☆ سپریم کورٹ نے آٹھویں جماعت کی NCERT کی نصابی کتاب میں عدلیہ میں بدعنوانی کے تعلق سے حوالے کا نوٹس لیا ہے۔

☆ انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال اسمبلی انتخابات سے پہلے مرکزی فورسز کے اہلکاروں کی گاڑیوں میں GPS ٹریکر نصب کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

☆ خارجہ سکریٹری وکرم مصری نے عالمی غیریقینی کے درمیان فوجی آرٹیفیشیل انٹیلیجنس کے ذمے دارانہ استعمال کے بھارت کے عہد پر زور دیا ہے۔

☆ اور ...... مردوں کے ICC ٹی ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں آج شام کولمبو میں Super Eight کے گروپ-2 کے ایک میچ میں نیوزیلینڈ کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔

----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Israel**

وزیر اعظم نریندر مودی اسرائیل کے دو دن کے سرکاری دورے پر روانہ ہو گئے ہیں۔ وزیر اعظم کا یہ اسرائیل کا دوسرا دورہ ہوگا۔ جناب مودی اپنے اس دورے میں اسرائیل کے اپنے ہم منصب بنیامن نیتن یاہو سے ملاقات کریں گے۔ دونوں رہنماء بھارت-اسرائیل کلیدی ساجھے داری میں اہم پیشرفت کا جائزہ لیں گے۔ وہ تعاون کے مختلف شعبوں میں مزید موقعوں کے امکان پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ اِن میں سائنس، ٹکنالوجی، اختراع، دفاع، سکیورٹی، زراعت، پانی کا بندوبست، تجارت، معیشت اور عوام سے عوام کے رابطے شامل ہیں۔

امکان ہے کہ دونوں رہنما باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی معاملات پر نظریات کا تبادلہ کریں گے۔
اسرائیل میں بھارتی سفیر J.P Singh نے ہمارے نامہ نگار کو بتایا ہے کہ وزیرِاعظم آج اسرائیلی پارلیمنٹ Knesset سے خطاب کریں گے۔ اُنہوں نے کہا کہ وزیرِاعظم مودی اسرائیلی پارلیمنٹ سے خطاب کرنے والے پہلے بھارتی رہنما ہیں۔ کل وزیر اعظم اسرائیل کے صدر Isaac Herzog سے ملاقات کریں گے۔ وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ یہ دورہ دونوں ملکوں کے درمیان گہری اور طویل مدتی کلیدی شراکتداری کو مزید مستحکم کرے گا اور دونوں مضبوط جمہوریتوں کے درمیان ایک متحرک شراکتداری کے اُن کے مشترکہ نظریے کے حصول کی خاطر کوششوں کا جائزہ لینے کا موقع فراہم کریں گا۔×

## PM Departure Statement

وزیر اعظم نریندر مودی نے امید ظاہر کی ہے کہ اسرائیل کے اُن کے دو دن کے دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان پائیدار رشتے مزید مستحکم ہوں گے۔ دورے پر روانہ ہونے سے قبل اپنے بیان میں وزیر اعظم نے کہا کہ اس سے کلیدی ساجھے داری کے نئے مقاصد طے ہوں گے اور دونوں ملکوں کیلئے مضبوط، اختراعی اور خوشحالی مستقبل کے مشترکہ نظریے کو فروغ حاصل ہوگا۔
جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور اسرائیل کی ایک مضبوط اور کثیر رخی کلیدی ساجھے داری ہے، جس میں حالیہ برسوں میں قابلِ قدر ترقی اور تیزی دیکھنے میں آئی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ وہ اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو کے ساتھ بات چیت کے منتظر ہیں۔
انہوں نے کہا کہ اس بات چیت میں مختلف شعبوں میں دونوں ملکوں کے درمیان اشتراک کو مزید مستحکم بنانے پر توجہ مرکوز کی جائے گی، جس میں سائنس، ٹکنالوجی، اختراع، زراعت اور عوام سے عوام کے رابطے شامل ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ وہ علاقائی اور باہمی مفاد کے عالمی امور پر بھی تبادلۂ خیال کریں گے۔×

## India Israel - Counter Terrorism

بھارت اور اسرائیل نے ہر طرح کی دہشت گردی کی سخت اور واضح الفاظ میں مذمت کی ہے۔ نئی دلّی میں دہشت گردی سے نمٹنے کے بارے میں بھارت-اسرائیل مشترکہ ورکنگ گروپ کی دسویں میٹنگ کے بعد دونوں ملکوں نے اس بات پر زور دیا کہ دہشت گردی سے مقابلہ کرنے کی خاطر ٹھوس، پائیدار اور جامع کارروائی کی ضرورت ہے۔
پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Dilnashi Arzoo**

اس میٹنگ سے بھارت اور اسرائیل کے درمیان باہمی اشتراک کی اہمیت اُجاگر ہوتی ہے۔ دونوں ملکوں نے ہر طرح کی دہشت گردی سے ملکر نمٹنے کے اپنے پختہ عزم کو دوہرایا ہے۔ طرفین نے اسرائیل میں 7 اکتوبر 2023 کے دہشت گردانہ حملے اور جموں و کشمیر کے پہلگام میں 22 اپریل 2025 کے دہشت گردانہ حملے کے ساتھ ساتھ دیگر حالیہ حملوں کی بھی مذمت کی ہے۔
اِن حملوں کے تناظر میں اس میٹنگ میں ذمہ دار عناصر کو جوابدہ ٹھہرائے جانے کی فوری ضرورت پر زور دیا گیا۔ دونوں ملکوں نے دہشت گردی کے خلاف ٹھوس اور جامع کارروائی پر زور دیتے ہوئے کثیر رخی فورموں میں اشتراک بڑھانے کے اپنے عہد کو دوہرایا۔

دونوں ملکوں نے دہشت گردوں کی بھرتی، تکنیک کا بیجا استعمال، دہشت گردی کیلئے سرمایہ فراہم کرنے اور دہشت گردانہ سرگرمیوں کیلئے ڈرون اور AI کے بڑھتے ہوئے استعمال جیسے اُبھرتے ہوئے خطرات پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔

دلّی سے دلنشیں آرزو کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

**SC Corruption Chapter**

سپریم کورٹ نے NCERT کی آٹھویں جماعت کی نصابی کتاب میں عدلیہ میں بدعنوانی کے حوالہ جات کا آج ازخود نوٹس لیا اور اِسے گہری تشویش کا ایک معاملہ قرار دیا۔ چیف جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس جوئے مالا باگچی اور Vipul M Panchuli پر مشتمل بنچ نے اِس معاملے کا نوٹس لیا۔ سینئر وکیل کپل سبل نے عدالت کے سامنے کہا کہ آٹھویں جماعت کے بچوں کو عدلیہ میں بدعنوانی کے بارے میں پڑھایا جارہا ہے اور اُنہوں نے اسے انتہائی تشویشناک قرار دیا۔ جسٹس باگچی نے مشاہدہ کیا کہ متن آئین کے بنیادی ڈھانچے کے برعکس دکھائی دیتا ہے۔ چیف جسٹس نے کہاکہ بار اور بنچ دونوں بے چین ہیں۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ ہائی کورٹ کے جج صاحبان بھی اِس معاملے پر پریشان ہیں۔

بنچ نے یہ واضح کیا کہ وہ ادارے کی شبیہ خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دے گی۔ آٹھویں جماعت کی سماجی سائنس کی NCERT کی نصابی کتاب کے مطابق بدعنوانی، بڑے پیمانے پر زیرالتوا معاملات اور جج صاحبان کی کمی، عدلیہ کے نظام کو درپیش چیلنجوں میں شامل ہیں۔×

**Army Chief Expedition**

برّی فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دیویدی نے آج نئی دلّی کی قومی جنگی یادگار میں 'بھارت رَن بھومی دَرشن' نمائش کی اختتامی تقریب کا آغاز کیا۔ اس کے تحت 22 دنوں میں تقریباً تین ہزار 400 کلومیٹر کا سفر پائے تکمیل کو پہنچا۔ یہ نمائش اِس مہینے کی تین تاریخ کو دوارکا سے شروع ہوئی تھی، جس کی قیادت بھارتی برّی افواج، بھارتی بحریہ اور بارڈر سکیورٹی فورس نے کی تھی۔ گجرات اور راجستھان کے اہم مقامات سے گزرتے ہوئے نمائش کے دوران ملک کے جنگی جانبازوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا اور ملک کی گوناگوں فوجی وراثت کو نمایاں کیا گیا۔×

**ECI GPS Trackers**

انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات سے پہلے مرکزی مسلح پولیس فورسز کے اہلکاروں کیلئے موٹر گاڑیوں میں GPS Trackers نصب کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پہلے مرحلے کے تحت 240 کمپنیوں کیلئے آئندہ ماہ کی پہلی تاریخ کو اِنہیں نصب کیا جائے گا۔ کمیشن نے مسلح فورسز کو ہدایت دی ہے کہ وہ ریاست کی جغرافیائی صورتحال سے خود کو واقف کرائیں۔ مغربی بنگال کے چیف انتخابی افسر نے کہا کہ GPS ٹریکنگ نظام سے CAPF کے اہلکاروں کی نقل وحرکت کی انتخابی کمیشن کی جانب سے مقرر کردہ مرکزی مشاہدین نگرانی کرپائیں گے۔ دوسرے مرحلے کے تحت 240 کمپنیوں کیلئے 10 مارچ سے اِنہیں نصب کیا جائے گا۔×

**Shivraj-Krishi Vigyan Mela**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج نئی دلّی میں پُوسا کرشی وگیان میلے کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ حکومت کھاد تک رسائی کو مستحکم بنارہی ہے، نقلی جراثیم کُش ادویات کی فروخت کا سدّباب کررہی ہے اورجلد ہی کسانوں کیلئے قرضوں کو آسان بنانے کیلئے، کسان ID متعارف کرنے جارہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا کے تحت کسانوں میں تقریباً ایک لاکھ 92 ہزار کروڑ روپے تقسیم کئے جاچکے ہیں۔

**1415-Shivraj Krishi Mela**

جناب چوہان نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں کئی اصلاحات نافذ کی گئی ہیں، جن کے نتیجے میں بھارت، چاول کی پیداوار میں دنیا میں پہلے مقام پر آ گیا ہے۔×

**Rev-FS-Disarmament**

بھارت نے بڑھتی ہوئی عالمی غیریقینی صورتحال کے درمیان اسٹریٹجک استحکام کو برقرار رکھنے اور ہتھیاروں کی دوڑ سے بچنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ جینوا میں ترک اسلحہ کانفرنس کے 2026 اعلیٰ سطحی سیگمنٹ سے خطاب کرتے ہوئے خارجہ سکریٹری وکرم مصری نے فوجی مصنوعی ذہانت کے ذمہ دارانہ استعمال اور دفاعی شعبے میں بااعتبار مصنوعی ذہانت کو پرکھنے کے قومی فریم ورک کے تئیں ملک کے عزم کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے New Strategic Arms Reduction Treaty یا New Start کے حالیہ اختتام کو ہتھیاروں کی عالمی روک تھام کیلئے بڑا دھچکا قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت یہ مانتا ہے کہ اسٹریٹجک استحکام کو برقرار رکھنا اور ہتھیاروں کی دوڑ سے بچنا، عالمی سلامتی کیلئے پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہے۔
ملک کے نیوکلیائی نظریئے کو دہراتے ہوئے جناب مصری نے کہا کہ بھارت ایک ذمہ دار نیوکلیائی ریاست ہے، جو جنگ سے باز رکھنے والی کم از کم بااعتماد قوت برقرار رکھنے کے تئیں عہد بند ہے۔ انہوں نے درجہ بدرجہ کثیر جہتی فریم ورک کے ذریعہ عالمگیر، بلا تفریق اور قابل تصدیق نیوکلیائی ترک اسلحہ کے تئیں ملک کی عہدبستگی کو دوہرایا۔
خارجہ سکریٹری نے ترقی، شمولیت اور سبھی کیلئے قابل رسائی مصنوعی ذہانت کے استعمال پر AI امپیکٹ سمٹ-2026 سمیت گلوبل ساؤتھ کے مفادات کو فروغ دینے کی خاطر ملک کے اقدامات کو اجاگر کیا۔×

**RBI DC Food Subsidy**

حکومت کل پدوچیری میں پردھان منتری غریب کلیان اَنّ یوجنا کے تحت خوراک سے متعلق سبسڈی کی تقسیم کے پائلٹ پروجیکٹ پر مبنی سینٹرل بینک ڈیجیٹل کرنسی کا آغاز کرے گی۔ صارفین کے امور، خوراک اور تقسیم عامہ کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی اِس پائلٹ پروجیکٹ کا افتتاح کریں گے۔ اِس پہل کے تحت بھارتی ریزروبینک کی جانب سے جاری کردہ ڈیجیٹل کرنسی ٹوکن کی شکل میں اُن مستفیدین کے ڈیجیٹل وائلٹ میں خوراک سے متعلق سبسڈی فراہم کی جائے گی، جن کی نشاندہی کی گئی ہے۔×

**US Iran Talk**

امریکہ اور ایران کے درمیان تیسرے دور کے سفارتی مذاکرات کل جنیوا میں ہوں گے۔ ایران کے عہدیداروں نے پیشرفت کے

امکان کے تعلق سے محتاط پُرامیدی کا اظہار کیا ہے۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ کوئی اہم سمجھوتہ ہو سکتا ہے، بشرطیکہ ڈپلومیسی کو ترجیح دی جائے۔

اس سال جنوری میں ملک گیر مظاہروں کے خلاف پُر تشدد کارروائی پر ایران سرکار کو سخت بین الاقوامی نگرانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ امریکہ نے ایران پر دباؤ ڈالنے کی خاطر مغربی ایشیاء میں 2003 کے بعد سے اپنی فوج کا اب تک کا اپنا سب سے بڑا جماؤ قائم کیا ہے۔ اِن میں دو حملہ آور جنگی بحری جہاز گروپ، **USS Abraham Lincon** اور **USS Gerald R Ford** شامل ہیں۔

ایران کی جانب سے یورینیم کی افزودگی تنازعے کی بنیادی وجہ بنی ہوئی ہے، جس کے بارے میں امریکہ کا اصرار ہے کہ وہ ہتھیاروں میں استعمال ہونے کی حد تک نہ پہنچے۔ ایک طرف جہاں دونوں فریقوں نے پرامن تصفئے کی خواہش کا اظہار کیا ہے، تو وہیں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے انتباہ دیا ہے کہ اگر سفارتکاری کے ذریعہ ایران کی نیوکلیائی خواہشات کا سدباب کرنے میں ناکامی ہوتی ہے، تو فوجی کارروائی کے متبادل بھی دستیاب رہیں گے۔×

## ICC Crieket World Cup

مردوں کے **ICC** ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں آج گروپ -2 کے **Super Eight** مرحلے کے ایک میچ میں سری لنکا کا مقابلہ نیو زیلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ کولمبو کے آر پریما داسا اسٹیڈیم میں شام سات بجے شروع ہوگا۔

اس سے پہلے کل شام **Pallekele** انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے گروپ-2 کے **Super Eight** میچ میں انگلینڈ نے پاکستان کو دو وکٹ سے ہرادیا۔ انگلینڈ نے 8 وکٹ کے نقصان پر پانچ گیند پہلے ہی 165 رن کے نشانے کو حاصل کرلیا۔×

☆☆☆☆☆☆☆